سوال: ڈاڑھی کا اعلانیہ منکر کیسا ہے؟ اور اسلام میں اس کا کیا مقام ہے؟ مرزا رفیق جہلم

جواب: باوجود علم ہونے کے کہ ڈاڑھی سنت ہے، انکار کرے تو کافر ہے، جیسا کہ رشید احمد گنگوہی حنفی لکھتے ہیں

"حکم اللہ تعالیٰ یا کسی طریقۂ سنت رسول علیہ السلام کو عیب یا موجب بے عزتی کا جانے یا اس کے کرنے والے کو بے عزت کہے لا ریب وہ ملعون کافر ہے اور مخالف حق تعالیٰ کا اور جہنمی ہے اور مرتد ہے اور باوجود اعتراف اس امر کے، کہ یہ حکم خدا تعالیٰ کا اور سنت ہے اور پھر بھی اس کو اپنے رواج کے سبب ننگ و عار کا باعث جانتا ہے یہ زیادہ تر موجب اس کے کفر اور مخالفت حق تعالیٰ کا ہے، کہ وہ شقی ملعون اپنے رواج کفر کو حق تعالیٰ کے حکم سے اچھا جانتا ہے، پس ایسے شخص سے ترک ملاقات و معاملات کرنا عین دین ہے اور اس سے رشتہ و قرابت رکھنا ہرگز جائز نہیں، بلکہ اس سے علیحدہ ہو جاوے اور اس کو مبغوض ترین خلق اللہ تعالیٰ کا جان کر اس کا دشمن ہو جاوے اور اس کے جنازے کی نماز ہرگز نہ پڑھے کہ وہ کافر ہے، کذا فی کتب الحدیث والفقہ والعقائد واللہ تعالیٰ اعلم"۔

کتبہ: الاحقر رشید احمد گنگوہی۔ (فتاویٰ رشیدیہ: ۱۸۴۔۱۸۵)

امام بریلویت احمد یار خان نعیمی لکھتے ہیں: "حضور کے کسی فعل شریف پر اعتراض کفر ہے"۔ (تفسیر نور العرفان: ۳۴، ۳۱۱) نیز قرآنی آیات سے ثابت کرتے ہوئے وہ لکھتے ہیں: "کسی دینی چیز کا مذاق اڑانا کفر ہے" (ایضاً)

سوال: وضو میں ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال کب کیا جائے؟ مرزا محمد رفیق جہلم

جواب: ہاتھوں کی انگلیوں کا خلال ہاتھ دھوتے وقت کیا جائے گا، کیونکہ وضو میں ترتیب فرض ہے۔ اور اس خلال کا تعلق ہاتھوں سے ہے۔

سوال: کیا سلام میں "ومغفرتہ" کا اضافہ مسنون ہے؟ صوبیدار لال خان خورد (جہلم)

جواب: کسی صحیح حدیث سے یہ اضافہ ثابت نہیں ہے۔ ابو داؤد حدیث نمبر ۵۱۹۶ میں "وبرکاتہ" کے بعد "ومغفرتہ" کے الفاظ کی زیادتی موجود ہے۔ لیکن یہ حدیث ابن ابی مریم راوی کے شک کی وجہ سے معلول ہے "التاریخ الکبیر للبخاری: ۱: ۳۰۲" میں زید بن ارقمؓ سے جو حدیث آتی ہے وہ بھی ضعیف ہے۔ سلام "وبرکاتہ" تک ہی صحیح ہے، یہی تحقیق حافظ ابن کثیرؒ نے پیش کی ہے۔

سوال: کیا مرد ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگا سکتے ہیں؟ خادم حسین پردیسی جدہ سعودی عرب